## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

# قرآنِ کریم

## دُرُست سیکھنا اور سیکھانا

30 اپریل 2026



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان:5منٹ (2): دُعایاد کرنا:5منٹ (3): فکرِ مدینہ:5منٹ۔ کُل دورانیہ:15منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل **قرآنِ کریم دُرُست سیکھنے اور سکھانے** کے مُتعلّق مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور **ایمان پر خاتمے کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رِسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

# قرآنِ کریم دُرُسْت سیکھنا اور سیکھانا

## درود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم: روزِ قیامت لوگوں میں سے میرے قریب تر وہ ہو گا جس نے دُنیا میں مجھ پر زیادہ درودِ پاک پڑھے ہوں گے۔ (1)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## نیک عمل نمبر 18

**پیارے اسلامی بھائیو!** امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے قرآن و سُنّت کے مطابق زندگی گزارنے کے لیے اسلامی بہنوں، اسلامی بھائیوں اور طلبا و غیرہ کے لیے سوالات کی صورت میں نیک اعمال کے مختلف رسائل ترتیب دیئے ہیں، آج ہم 72 نیک اعمال میں سے نیک عمل نمبر 18 کے بارے میں سیکھیں گے۔

**نیک عمل نمبر 18:** کیا آج آپ نے **مدرسۃُ المدینہ (بالغان)** میں پڑھا یا پڑھایا؟

## مدرسۃُ المدینہ بالغان کیا ہے؟

بڑی عمر کے اسلامی بھائیوں کو دُرست مخارِج کے ساتھ قرآنِ کریم سیکھانے اور نماز پڑھنے کا درست طریقہ سیکھانے کے لیے دعوتِ اسلامی کے تحت مختلف مقامات مثلاً: مساجد، مارکیٹ وغیرہ میں

---

1 ...ترمذی، ابواب الوتر، باب ماجاء فی فضل الصلاۃ علی النبی صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم، صفحہ: 144، حدیث: 484۔

قرآنِ کریم سیکھنے سکھانے کا سلسلہ ہوتا ہے، اسے **مدرسةُ المدینه بالغان** کہتے ہیں۔

## آیتِ مبارکہ

اللہ پاک فرماتا ہے:

اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖؕ اُولٰٓىٕكَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖؕ وَ مَنْ یَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓىٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ۠(۱۲۱) (پارہ:1،البقرہ:121)

*ترجمۂ کنزُ العرفان* : وہ لوگ جنہیں ہم نے کتاب دی ہے تو وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں جیسا تلاوت کرنے کا حق ہے یہی لوگ اس پر ایمان رکھتے ہیں اور جو اس کا انکار کریں تو وہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔

❁ تفسیر جلالین میں ہے: **حقِ تلاوت کا معنیٰ ہے:** قرآن ایسے پڑھنا جیسے نازل ہوا ہے، مثلاً: قرآنِ کریم عربی میں اُترا، تو اسے عربی لب ولہجے ہی میں پڑھنا ضروری ہے۔[(1)]

## فرمانِ آخری نبی صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

جس نے قرآنِ کریم سیکھا، دوسروں کو سکھایا اور اس پر عمل کیا، قیامت کے دن قرآن اس کی شفاعت کرے گا اور جنّت میں لے جائے گا۔[(2)]

## قرآنِ کریم سیکھنے اور سکھانے کے متعلق احکام

**(1):** اتنی تجوید سیکھنا جس سے حروف صحیح مخارج سے ادا ہو سکیں اور غلط پڑھنے سے بچا جا سکے فرضِ عین (یعنی ہر ایک پر الگ الگ فرض) ہے۔[(3)] **(2):** جس قدر قرآنِ کریم سیکھنا فرض ہے، اسی قدر قرآنِ کریم سکھانا فرضِ کفایہ ہے۔[(4)] **(3):** جس سے حروف صحیح ادا نہیں ہوتے، اس پر دُرُست ادائیگی

1 ... جلالین مع حاشیہ صاوی، پارہ:1، سورۂ بقرہ، زیر آیت:121، جلد:1، صفحہ:106-
2 ... المؤتلف والمختلف للدار قطنی، باب الخا، جلد:2، صفحہ:830، دار الغرب الاسلامی-
3 ... فتاویٰ رضویہ، جلد6، صفحہ:343، بتغیر قلیل-
4 ... عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری کتاب الاجارۃ، باب مایعطی فی الرقیۃ...الخ، جلد:8، صفحہ:628، ماخوذاً-

سیکھنا واجب اور اس کے لیے دن رات کوشش کرنا لازم ہے یہاں تک کہ دُرُست سیکھ لے۔[1] (5): اگر کوئی شخص قرآنِ کریم غلط پڑھ رہا ہے، سننے والے پر واجب ہے کہ اسے بتادے، بشرطیکہ اس کے بتانے سے فتنے (یہاں سے چند الفاظ حزف کئے گئے ہیں) کا خطرہ نہ ہو۔[2]

## قرآن سیکھنے اور سکھانے کے فائدے

❁ **قرآنِ کریم سیکھنے سکھانے والا** بہترین بندہ ہے۔[3] ❁ **قرآنِ کریم سیکھنے سکھانے کے لیے جمع ہونے والوں** کے دلوں پر سکون واطمینان اُترتا ❁ رحمت انہیں ڈھانپ لیتی ❁ فرشتے ان پر سایہ کرتے اور ❁ اللہ پاک فرشتوں کی جماعت میں ان کا ذِکر فرماتا ہے۔[4] ❁ **قرآنِ کریم سیکھنے کے فضائل:** ❁ قرآنِ کریم کی ایک آیت سیکھنا، 100 رکعت نفل پڑھنے سے افضل ہے۔[5] یہاں سے ایک جملہ حذف کیا گیا ہے ❁ جو قرآنِ کریم سیکھے، اس پر عمل کرے، قیامت کے دن اسے نور کا تاج پہنایا جائے گا اور ❁ اس کے والدین کو قیمتی لباس پہنایا جائے گا۔[6] **قرآنِ کریم سکھانے کے فضائل:** ❁ آخری نبی، رسول ہاشمی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے قرآنِ کریم سکھانے والوں کے لیے دعا فرمائی: اے اللہ! (قرآنِ کریم) سکھانے والوں کو بخش دے، اُن کی عمریں لمبی فرما اور ان کو اپنے عرش کے سائے میں جگہ عطا فرما کہ بے شک یہ تیری اُتاری ہوئی کتاب کی تعلیم دیتے ہیں۔[7] ❁ قرآنِ کریم سکھانے والے کے لیے سیکھنے والے سے دُگنا ثواب ہے ❁ قرآنِ کریم سیکھنے والا جب تک تلاوت کرتا رہے گا، سکھانے

---

1 ...بہارِ شریعت، جلد: 1، صفحہ: 570، بتغیر قلیل۔
2 ...غنیۃ المتملی، صفحہ: 498۔
3 ...بخاری، کتاب الفضائل، باب خیر کم من تعلم القرآن وعلمہ، صفحہ: 1299، حدیث: 5027، ملخصًا۔
4 ...مسلم، کتاب الذکر، باب فضل الاجتماع علی تلاوت... الخ، صفحہ: 1039، حدیث: 2699۔
5 ...سنن ابن ماجہ، المقدمہ، باب فضل من تعلم القرآن وعلمہ، صفحہ: 48، حدیث: 219۔
6 ...مستدرک للحاکم، کتاب فضائل القران، باب من قرء القرآن وتعلمہ... الخ، جلد: 2، صفحہ: 278، حدیث: 2132۔
7 ...الموضوعات لابن جوزی، کتاب العلم، باب ثواب المعلمین، حدیث فی الدعا للمعلمین، جلد: 1، حدیث: 221، دار الفکر۔

والے کو ثواب ملتا رہے گا۔ ❁ جس نے قرآنِ کریم یا کوئی سُنّت سکھائی، قیامت کے دن اس کو ایسا اجر دیا جائے گا کہ اس سے بہتر کسی کے لیے نہیں ہو گا۔[1]

## قرآنِ کریم سے دوری کے نقصانات

❁ قرآنِ کریم سے دُوری بہت بڑے فضل سے محرومی کا سبب ہے ❁ قرآنِ کریم سے منہ پھیرنے والے کے لئے دنیا و آخرت میں تنگ زِندگی ہے اور ❁ اسے بروزِ قیامت اندھا اُٹھایا جائے گا۔[2] ❁ یہاں سے ایک جملہ حذف کیا گی پیارے آقا، مکی مدنی مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جس دِل میں قرآن نہیں، ویران گھر کی مانند ہے۔[3] ❁ قرآنِ کریم سے دُوری ایمان کمزور کرتی ہے ❁ قرآنِ کریم سے دُوری تنزلی اور پستی کا سبب ہے۔

## قرآن سیکھنے سیکھانے کا ذہن بنانے کے طریقہ

❁ قرآنِ کریم سیکھنے سکھانے کے فضائل ذہن میں رکھیے ❁ قرآن اور تعلیمِ قرآن عام کرنے کی کڑھن پیدا کیجئے ❁ قرآنِ کریم سے محبّت اور تعلّق مضبوط رکھیے! اس کے لیے روزانہ کچھ نہ کچھ قرآنِ کریم کی تلاوت کیجئے ❁ قرآنِ کریم سیکھنے سکھانے کے مُتعلّق صحابۂ کرام کے واقعات کا مطالعہ کیجئے! کہ کس طرح انہوں نے اپنی ساری زندگی قرآنِ کریم سیکھنے سکھانے میں وقف کر دی ❁ دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ رہیے! اس سے اِنۡ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیۡم! علمِ دین حاصل کرنے، قرآنِ کریم دُرُست پڑھنے پڑھانے اور اس پر عمل کرنے کا جذبہ پیدا ہو گا ❁ دعوتِ اسلامی کے 12 دینی کاموں میں اپنا حصہ ملایئے! بالخصوص دینی کام مدرسۃُ المدینہ (بالغان) میں پڑھیے اور اگر پڑھا سکتے ہوں تو پڑھایئے۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج ہم نے نیک عمل نمبر:18 کے مطابق دُرُست قرآن سیکھنے اور سکھانے کے

---

1 ... جمع الجوامع، جلد:7، صفحہ:282، حدیث:22454-22455-22456۔

2 ... تفسیر صراط الجنان، پارہ:16، سورۃ طہ، زیر آیت:124، جلد:6، صفحہ:262، ملخصًا۔

3 ... سنن ترمذی، کتاب فضائل القرآن، صفحہ:677حدیث:2913۔

عُنوان پر مفید ترین معلومات حاصل کیں، نیّت کیجئے! **مدرسۃُ المدینہ (بالغان)** میں داخلہ لے کر دُرُست قرآن پڑھنا سیکھیں گے اور جو پڑھا سکتے ہیں وہ نیّت کیجئے کہ **مدرسۃُ المدینہ (بالغان)** پڑھائیں گے۔اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! اللہ پاک عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین بجاہِ خاتمِ النبیّٖن صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّد

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### ایمان پر خاتمے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ نُّشْرِكَ بِكَ شَيْئًا نَعْلَمُهٗ، وَنَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا نَعْلَمُهٗ

**ترجمہ:** اے اللہ! ہم تیری پناہ مانگتے ہیں اس بات سے کہ کسی شے کو تیرا شریک بنائیں جان بوجھ کر اور ہم بخشش مانگتے ہیں تجھ سے اس (شرک) کی جس کو ہم نہیں جانتے۔

**فضیلت:** جو یہ دعا 3 بار پڑھے، اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! اس کا خاتمہ ایمان پر ہو۔[1]

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیّتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُوْرَۃُ الْمُلْک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیح فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُ الایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرُود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟

---

1 ... شجرۂ عطاریہ صفحہ: 15-

(14):غصے کا علاج کیا؟(15):اپنا جائزہ کیا؟(16):اپنے نگران کی اطاعت کی؟(17):آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18):مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟(19):عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟(20):2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟(21):فجر کے لئے جگایا؟(22):دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟(23):گھر درس ہوا؟ (24):مسجد درس دیا یا سُنا؟(25):سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟(26):زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟(27):ایک مشت داڑھی ہے؟(28):گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟(29):سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟(30):مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31):کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32):ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33):تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34):اَوَّابِین یا اِشْرَاق وچاشت پڑھیں؟(35):عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟(36):12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے/سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47):چوک درس دیا یا سنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49):اِسْرَاف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51):تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعْتِکاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟